ایم کیوایم تمامتر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے بلاتفریق رنگ ونسل زبان دکھی انسانیت کر رہی ہے، ایم کیوایم

ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل دیگر عملے کی جانب سے سجاول میں زیر علاج مریضوں کو فراہم کی جانے طبی سہولیات کا جائزہ لیا

متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا گیا

فیلڈ اسپتال سے مستفید ہونے والے افراد کا جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر، درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کا سجاول میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فیلڈ میڈیکل اسپتال اور

حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل کا نوابشاہ میں قائم فیلڈ اسپتال کا دورہ

ٹھٹھہ، نوابشاہ، میر پور خاص ۔۔۔۔۔۔26 ستمبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اندرون سندھ میں حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب زدگان کی امداد و بحالی کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ بتدریج جاری وساری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار احمد پنہور، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیر سوہو، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن غلام حیدر راہو، نے ٹھٹھ کے علاقے سجاول میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فیلڈ میڈیکل اسپتال کا دورہ کیا اور مریضوں سے ملاقات کی جبکہ حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، ریحان ظفر اور فہیم الطافی نے میر پور خاص کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے بارش سے متاثرہ عوام سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا، حق پرست نمائندوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جناح ہال میں قائم فیلڈ اسپتال کا دورہ کیا اور مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات کا بغور جائزہ لیا اور سینکڑوں خاندانوں میں راش اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا، سب وے برج اور ریلوے پھاٹک پر کھڑے پانی کی نکاسی کے کاموں کو اپنی نگرانی میں کروایا۔اس موقع پر ایم کیوایم میر پور خاص زون کی زونل کمیٹی کے انچارج وارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم ٹھٹھ زون کے انچارج غلام محمد خشک، زونل کمیٹی کے اراکین سمیت یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے فیلڈ اسپتال میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل دیگر عملے کی جانب سے زیر علاج مریضوں کو فراہم کی جانے طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔علاوہ ازیں انہوں نے لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان جن میں، آٹا، دالیں، چینی، خشک دودھ، پینے کی صاف پانی کے بوتلیں، دیگر ضروری اشیاء متاثرین میں تقسیم کیں۔انہوں نے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران، ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، حق پرست عوامی نمائندے اور دیگر ذمہ داران وکارکنان شبانہ روز عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تمامتر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے بلاتفریق رنگ ونسل زبان دکھی انسانیت کی خدمت کر رہی ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل نے گزشتہ روز نوابشاہ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم فیلڈ اسپتال کا دورہ کیا اور وہاں پر مریضوں کو فراہم کردہ طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے فیلڈ اسپتال میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کر کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اس موقع پر ایم کیوایم نوابشاہ زون کے انچارج شیراز مسعود، اراکین زونل کمیٹی، یونٹوں کمیٹیوں کے ذمہ داران اور کارکنان نے انکے ہمراہ تھے۔بعدازاں انہوں نے نوابشاہ کے علاقے جام صاحب میں سیلاب متاثرین میں غذائی اجناس ودیگر امدادی اشیاء تقسیم کیں۔اس موقع پر فیلڈ اسپتال سے مستفید ہونے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کرتے ہوئے انکی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆